29/06/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مبشر رفائی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

**ہیڈ لائنز**

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔ اب آپ.......سے خبریں سُنیے۔

*....... صحت سے لے کر سماجی تحفظ تک ،بھارت ہر شعبے میں ترقی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے // وزیر اعظم نریندر مودی کا من کی بات پروگرام میں اظہار خیال ۔

*....... سماجی تحفظ کے عمل میں بھارت کو قابل ذکر سنگ میل حاصل ۔

*....... لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی ملی ٹنسی کی وجہ سے مارے گئے افراد کے لواحقین کے ساتھ رو برو ملاقات // پڑوسی ملک پاکستان کی دہشت گردی کی حمایت کرنے پر تنقید۔

*....... شماریات کے قومی دن کے موقعہ پر تقریبات کا انعقاد ۔

**من کی بات**

وزیراعظم نریندرمودی نے زور دے کر کہاہے کہ صحت سے لے کر سماجی تحفظ تک ملک ہر شعبے میں صد فی صد تکمیل کے احساس کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے، جو سماجی انصاف کی ایک شاندار تصویر بھی ہے۔ آج آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نے بین الاقوامی لیبر تنظیم ILO کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں بیشتر لوگوں کو سماجی تحفظ اسکیم کا کوئی نہ کوئی فائدہ ضرور مل رہا ہے۔

ملک میں 1975 میں نافذ کی گئی ایمرجنسی کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہاکہ عوام کی شمولیت کی طاقت کے ساتھ بڑے سے بڑے بحران کا سامنا کیا جاسکتا ہے اور یہ عوام کی طاقت ہی تھی کہ نہ تو وہ جھکے، نہ ٹوٹے اور نہ ہی انہوں نے جمہوریت کے ساتھ کسی طرح کے سمجھوتے کو قبول کیا۔

اپنے خطاب میں وزیراعظم نے خواتین کی زیرقیادت ترقی کی بھی بات کی اور کہا کہ یہ بھارت کے لیے ایک نیا مستقبل سنوارنے کے لیے تیار ہے، کیونکہ ملک کی خواتین نہ صرف خود کے لیے بلکہ پورے معاشرے کے لئے ایک نئی سمت طے کر رہی ہیں۔وزیراعظم نے مذہبی یاتراو

---

ں کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیلاش مانسروور یاترا، امرناتھ یاترا اور جگن ناتھ رتھ ‌ئ

یاترا کا ذکر کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ شمال سے جنوب تک، مشرق سے مغرب تک، یہ یاترائیں "ایک بھارت، شریشٹھ بھارت" کے جذبے کی عکاسی کرتی ہیں۔

**ILO**

بھارت نے سماجی تحفظ کے عمل میں ایک قابل ذکر سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ ملک میں 2015 میں سماجی تحفظ کا کوریج 19 فیصد تھا جو 2025 میں بڑھ کر 64 اعشاریہ تین فیصد ہوگیا ہے۔ اِس طرح 94 کروڑ سے زیادہ لوگوں کو کم ازکم سماجی تحفظ کے ایک فائدے کے تحت لایا گیا ہے۔ ایک دہائی کے دوران اس غیر معمولی اضافے کا اعتراف محنت کی عالمی تنظیم ILO نے اپنے ILOSTAT ڈیٹا بیس پر کیا ہے۔ سماجی تحفظ، جیسا کہ محنت کی عالمی تنظیم کے ذریعے بیان کیا گیا ہے، بڑھاپے، بیماری، بے روزگاری، معذوری، زچگی، کام کے دوران چوٹ لگنے یا کمانے والے فرد کی موت کی صورت میں صحت کی دیکھ بھال اور یقینی آمدنی تک رسائی کو یقینی بناتا ہے۔ بھارت کے سماجی تحفظ کے جامع نظام میں سماجی بیمہ، فلاحی ادائیگیاں نیز خوراک اور رہائش کی یقینی فراہمی جیسے فوائد شامل ہیں۔

**لیفٹیننٹ گورنر**

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگر میں اُن افراد کے لواحقین کے ساتھ ملاقات کی جو گزشتہ تین دہائیوں کے دوران پاکستان کے حمایت یافتہ ملی ٹنٹوں کی گولیوں سے مارے گئے ۔ اس موقعہ پر ایل جی نے کہا کہ کشمیر میں ان ہزاروں بے گناہ شہریوں کو تسلیم کرنا اور ان کی عزت کرنا ایک تاریخی قدم ہے جنہیں ملی ٹنسی کے دوران بے دردی سے قتل کیا گیا تھا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے دہشت گردی کا شکار ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے کہا جو سرکاری ملازمتوں کے حقدار ہیں، کہ اپنے کیس متعلقہ ڈپٹی کمشنروں کے پاس جمع کرائیں۔ انہوں نے انہیں ایک ماہ کے اندر تقرری کے عمل کو تیز کرنے اور ان کنبوں کو مالی مدد کی یقین دہانی کرائی ، جن کے افراد کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں ۔

------BYTE------

لیفٹیننٹ گورنر نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کی چوتھی بڑی معیشت کے طور ابھر آیا ہے جبکہ ہمارا پڑوسی ملک پاکستان غربت کے دلدل میں پھنس کر معاشی بدحالی سے دو چار ہے ۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں تیز تر جامع ترقی کو یقینی بنانے کے لئے تمام کوششیں کی جا رہی ہیں اور سیکورٹی اہلکار اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کام کر رہے ہیں کہ ان متاثرہ خاندانوں کو انصاف، پہچان اور مدد ملے جس کے وہ برسوں کی خاموشی میں تکلیف کے بعد مستحق ہیں۔

**ایل جی دورہ**

ایل جی منوج سنہا نے آج چندن واڑی کے بنیادی یاتری کیمپ کا دورہ کیا اور یاتریوں کے لئے قائم اسپتال میں تعینات ڈاکٹروں اور طبی ٹیم کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ ایل جی نے یاتریوں کے لئے طبی انتظامات کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا ۔

**درخشاں اندرابی**

اس بیچ بی جے پی کی سینئر لیڈر اور وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے بھی پانتھہ چوک میں یاتریوں کے لئے بنیادی کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے یاتریوں کی سہولیت کے لئے سبھی انتظامات کی بلا خلل فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔ انہوں نے پاندر یٹّھن اور بالہامہ کی امام بارگاہوں کا بھی دورہ کیا اور عزاداروں کے لئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔

**ستیش شرما**

خوراک ، عوامی تقسیم کاری اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے آج جموں کے بھگوتی نگر میں یاتریوں کے بنیادی کیمپ کا دورہ کیا اور تین جولائی سے شروع ہونے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے لئے کی گئی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔دورے کے دوران انہوں نے پورے کیمپ کا معائینہ کیا اور بنیادی ڈھانچے اور دیگر سہولیات جیسے رہائشی ہالوں ، پینے کے پانی ، بجلی اور گرمی سے بچاو کا جائزہ لیا ۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**Statistics ڈے**

کا 19 واں قومی دن منایا جا رہا ہے ۔ یہ دن ملک کے معروف Statistics ملک میں آج شماریات یعنی کی یاد میں منایا جاتا ہے اور اس Mahalanobis ماہرِ اقتصادیات اور شماریات پروفیسر پرسنتا چندرا کا مقصد نوجوان نسل میں سماجی اقتصادی منصوبہ بندی اور پالیسی ترتیب کاری میں شماریات کی اہمیت سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے۔ آکاشوانی سرینگر نے اس سلسلے میں جب چھتیس گڑھ میں سروے آفس کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل الطاف حسین حاجی سے استفسار کیا تو Statistics واقع نیشنل انہوں نے کہا ۔

------BYTE------

کی جانب سے ایک Statistics دریں اثناءآج کے دن کے حوالے سے بمنہ سرینگر میں اکنامکس اینڈ تقریب منعقد ہوئی جس میں مقررین نے اس دن کی اہمیت پر روشنی ڈالی ۔

**نیشنل کانفرنس**

نیشنل کانفرنس نے کہا ہے کہ ان کی حکومت لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے میں یقین رکھتی ہے اور اس سلسلے میں کوششیں سرعت کے ساتھ جاری ہے۔ ان باتوں کا اظہار پارٹی کے سینئر لیڈر اور زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے پارٹی صدر دفتر پر منعقدہ کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کے دوران کیا ۔ اس موقعہ پر پارٹی کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے بھی خطاب کیا اور کارکنوں کو بنیادی سطح پر پارٹی مضبوط کرنے کی ہدایت دی ۔

**م‍رم**

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی تیسری تاریخ ہے۔ یہی وہ مہینہ ہے کہ اس میں نواسہ

---

رسول ﷺ حضرت امام حسین ؓ اور انکے جان نثار ساتھیوں نے کر بلا کے میدان میں اسلام اور ۂ سچائی کی خاطر اپنی جانیں /جان آفرین کے حوالے کی تھیں۔ شہدائے کر بلا کو خراج عقیدت ادا کرنے کی غرض سے آجکل عزاداری کے جلوسوں، مرثیہ اور نواحہ خوانی کی روح پرور مجالس کا انعقاد جا ری ہے۔

**آغا ہادی**

انجمن شرعی شعیان شریعت آباد بڈگام کے صدر آغا سید ﷴ ہادی الموسوی نے کربلا کے شہداءکو پوری انسانیت کے لئے ایک مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ کربلا کے ریگزار میں انہوں نے جو قربانی پیش کی وہ رہتی دنیا تک انصاف پسندوں کے لئے مشعلِ راہ ہے ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

**مشاعرہ**

اِندر کلچرل فورم سمبل کے اہتمام سے آج شالہار ڈب میں ایک حسینی مشاعرے کا اہتمام ہوا جس میں وادی کے سرکردہ شعراءنے اپنا کلام پیش کر کے شہدائے کربلا کو خراج عقیدت ادا کیا ۔ سید اختر حسین منصور نے مشاعرے کی صدارت کی ۔

**نشہ مکت بھارت ابھیان**

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینسابق ویٹرنری آفیسر غلام رسول خان راجپوری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

**DAJGUA**

دھرتی آبھا جن بھاگیداری ابھیان کے تحت آج خان صاحب بڈگام کے مُجہ پتھری علاقے میں عوامی بیداری کیمپ کا اہتمام ہوا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی ۔ پروگرام کے دوران قبائلی دیہات کی ترقی سے متعلق سرکار کی مختلف سکیموں کے بارے میں لوگوں کو استفادہ کرنے کے لئے جانکاری فراہم کی گئی ۔

گاندربل ، ادھمپور اور ڈوڈہ اضلاع سے بھی دھرتی آبھا جن بھاگیداری ابھیان کے تحت پروگرام منعقد کئے جانے کی خبریں موصول ہوئی ہیں ۔

**ریلی**

کے تحت ایک ریلی بر آمد ہوئی جس کا اہتمام Innovation جموں یونیورسٹی میں آج رن فار پیس اینڈ محکمہ سیاحت نے کیا تھا ۔ امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ اس کا مقصد نوجوانوں میں اختراعی صلاحیتوں کو ابھارنا اور بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دینا تھا ۔

**زیارت بیروہ**

زیارت بابا حنیف الدین ریشی ؒ رٹھسونہ بیروہ پچھلے کئی روز سے پانی کی عدم دستیابی کا شکار ہے جس کی وجہ سے زائرین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے ۔ اس بیچ وقف بورڈ کے ممبر ڈاکٹر غلام نبی حلیم نے زیارت پر حاضری دی اور ضلع انتظامیہ بڈگام اور جل شکتی محکمے سے اپیل کی کہ اس زیارت کے لئے پانی کی دستیابی کا فوری انتظام کیا جائے ۔

**وزیرستان**

بھارت نے پاکستانی فوج کے
ا

---

س سرکاری بیان کو مسترد کردیاہے جس میں اس نے کل وزیرستان پر ہوئے حملے کیلئے بھارت پر ± الزام لگایاتھا۔ مرکزی سرکار نے ایک بیان جاری کرکے پاکستان کے اِس بیان کو اسی حقارت سے مسترد کیاہے جس کا وہ مستحق تھا۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ 5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر23 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر47 منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔